اسلامی معلومات

Class - PREP

C



- اللہ اللہ
- اللہ تعالیٰ
- ہماری دعاء
- مسلم بچہ
- پیارے بچے
- بسم اللہ پڑھ لیں
- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم
- ایمانی سوال وجواب

Published by :
Federation of Indian Muslim Organisations-Midlands-U.K.
website : www.peoplesneeds.org E-mail : info@peoplesneeds.org
Developed by : Dept. of Islamic Studies, Maulana Azad University, Jodhpur
Marwar Muslim Educational & Welfare Society, Jodhpur (Raj.) INDIA

نصابی کمیٹی

۱۔ پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی — ڈین فیکلٹی دینیات علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ
۲۔ پروفیسر غلام یحییٰ انجم قادری — صدر شعبۂ اسلامیات جامعہ ہمدرد نئی دہلی
۳۔ ڈاکٹر فہیم اختر ندوی — صدر شعبۂ اسلامیات مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد
۴۔ ڈاکٹر جنید حارث سلفی — اسسٹینٹ سینئر پروفیسر اسلامک اسٹڈیز جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی

جمع وترتیب : شاہد حسین ندوی
کوآرڈینیٹر شعبۂ اسلامیات، مولانا آزاد یونیورسٹی، جودھپور

اشاعت : اپریل ۲۰۱۵ء   تعداد : ۳۱۰۰

کتاب حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں :

شعبۂ اسلامیات، مولانا آزاد یونیورسٹی، مارواڑ مسلم ایجوکیشنل اینڈ ویلفیر سوسائٹی، کملا نہرو نگر، جودھپور
Mobile : 098297-83468, E-mail: shahidnadwi68@gmail.com

کتاب ملنے کے دیگر پتے

۱۔ الکوثر ٹریڈرس میڑتی گیٹ کے باہر، جودھپور
۲۔ عثمانیہ کتب خانہ، ہاتھی رام کا اوڈا، جودھپور
۳۔ صفا اکیڈمی جامعہ معین الدین چشتی سول پور روڈ اجمیر
۴۔ مدینہ اسلامک بک سینٹر ۳/۲۷۔ رام گنج بازار، جے پور
۵۔ مسکین بکڈپو نزد مسلم مسافر خانہ ڈنگرپور روڈ جے پور
۶۔ کتب خانہ جامعہ سید احمد شہید ٹونک
۷۔ خالد بکڈپو چندر گھٹہ مقبرہ کوٹہ راجستھان
۸۔ فرید بکڈپو اردو بازار جامع مسجد دہلی
۹۔ مکتبہ سعادت جامعہ ہانسوٹ بھروچ گجرات
۱۰۔ اقرا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن اے۔۲ فردوس ویر ساورکر روڈ ممبئی
۱۱۔ جامع العلوم، سٹی جامع مسجد سلور جبلی پارک روڈ بنگلور
۱۲۔ ہدیٰ بک ڈسٹری بیوٹرس پرانی حویلی حیدرآباد آندھراپردیش
۱۳۔ مکتبہ ندویہ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ
۱۴۔ اکیڈمی آف ساؤتھ اکسٹینشن، بحر روڈ، علی گڑھ
۱۵۔ صدیق بک ڈپو متصل دارالعلوم وقف دیوبند
۱۶۔ مکتبہ مدنیہ دیوبند سہارنپور یوپی
۱۷۔ مکتبہ نعیمیہ صدر چوک مؤناتھ بھنجن یوپی
۱۸۔ مکتبہ رشیدیہ نزد مظاہر علوم سہارنپور یوپی
۱۹۔ مکتبہ امارت شرعیہ پھلواری شریف پٹنہ
۲۰۔ شبیر بک ڈپو جامع مسجد ارریا بہار

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جولائی

اللہ اللہ

کون ہے مالک، کون ہے آقا
کون ہے حاکم، کون ہے راجا   بولو بچو، اللہ اللہ

کس نے دیے ہیں، امّاں ابا
کس نے دیا ہے، کھانا کپڑا   بولو بچو، اللہ اللہ

کس نے سورج چاند بنائے
کس نے پودے پیڑ اگائے   بولو بچو، اللہ اللہ

اگست

اللہ تعالیٰ

سوال ۱۔ امّاں ابا کس نے دیے ہیں؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ نے
سوال ۲۔ کھانا کپڑا کس نے دیا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ نے
سوال ۳۔ زمین و آسمان کس نے بنائے ہیں؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ نے
سوال ۴۔ سورج چاند کس نے بنائے ہیں؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ نے
سوال ۵۔ ہوائیں کون چلاتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ
سوال ۶۔ پانی کون برساتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ
سوال ۷۔ زمین سے پیڑ کون اگاتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ
سوال ۸۔ پیڑوں پر پھل کون لاتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ
سوال ۹۔ چاند تارے کون چمکاتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ
سوال ۱۰۔ اچھا ارادہ کرتے وقت کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ

ستمبر

ہماری دعاء



اے خدا اے خدا　　سن لے میری دعاء
نیک بچہ بنوں　　سب کو اچھا لگوں
جو بھلے لوگ ہیں　　ان سے مل کے چلوں
میں بُروں سے بچوں　　تجھ سے ڈرتا رہوں
اک تمنا میری　　علم سے ہو عاشقی

اکتوبر



مسلم بچہ

مسلم بچہ سب سے اچھا

ہر دم نیکی کرنے والا　　اپنے رب سے ڈرنے والا
جب منہ کھولے سچ ہی بولے　　سودا دے تو پورا تولے
چوری، چغلی، گالی، غیبت　　ان باتوں سے رکھے نفرت
حق چھوٹوں کا وہ پہچانے　　اور بڑوں کا کہنا مانے
روز نمازیں پڑھتا ہے وہ　　دن دن آگے بڑھتا ہے وہ

مسلم بچہ سب سے اچھا

نوٹ : نومبر کا مہینہ جولائی سے اکتوبر تک کے اعادہ (Revision) کے لئے ہے۔ نومبر کے پہلے ہفتہ میں جولائی کا، دوسرے ہفتہ میں اگست کا، تیسرے ہفتہ میں ستمبر کا اور چوتھے ہفتہ میں اکتوبر کا اعادہ کرائیں۔

پیارے بچے

سوال ۱۔ مسلم بچہ کیسا ہوتا ہے؟ جواب۔ سب سے اچھا

سوال ۲۔ آپ ہر دم کیا کریں گے؟ جواب۔ نیک کام

سوال ۳۔ مسلم بچہ کس سے ڈرتا ہے؟ جواب۔ اپنے رب سے

سوال ۴۔ آپ منھ کھولیں گے تو کیا بولیں گے؟ جواب۔ سچی بات

سوال ۵۔ آپ کس چیز سے نفرت کریں گے؟ جواب۔ چوری اور چغلی سے

سوال ۶۔ آپ کس چیز سے دور رہیں گے؟ جواب۔ گالی اور غیبت سے

سوال ۷۔ آپ چھوٹوں سے کیسے بات کریں گے؟ جواب۔ محبت سے

سوال ۸۔ آپ بڑوں سے کیسے بات کریں گے؟ جواب۔ ادب سے

سوال ۹۔ آپ روز کیا پڑھیں گے؟ جواب۔ نماز اور قرآن

سوال ۱۰۔ اچھی چیز کو دیکھ کر کیا کہتے ہیں؟ جواب۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ

جنوری

بِسمِ اللہ پڑھ لیں

جب کرنے کوئی کام چلیں — ہم پہلے بِسمِ اللہ پڑھ لیں
بستہ باندھیں بستہ کھولیں — ہم پہلے بِسمِ اللہ پڑھ لیں
کچھ پڑھنے لگیں، کچھ لکھنے لگیں — ہم پہلے بِسمِ اللہ پڑھ لیں
مطلب یہ کوئی کام کریں — ہم پہلے بِسمِ اللہ پڑھ لیں

فروری

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

سوال ۱۔ کام شروع کرتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۲۔ بستہ کھولتے ہیں تو کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۳۔ بستہ باندھتے ہیں تو کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۴۔ پڑھائی شروع کرتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۵۔ جب لکھنے لگیں تو کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۶۔ جب کھانا کھانے لگیں تو کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۷۔ جب پانی پینے لگیں تو کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۸۔ گاڑی پر بیٹھتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۹۔ وضو شروع کرنے سے پہلے کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم
سوال ۱۰۔ اپنی سیٹ پر بیٹھتے وقت کیا پڑھتے ہیں؟ جواب۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

ایمانی سوال و جواب

سوال ۱۔ ہمارا رب کون ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ

سوال ۲۔ تمام تعریفیں کس کے لیے ہیں؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ کے لیے

سوال ۳۔ علم کی دولت کون دیتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ

سوال ۴۔ سیدھے راستے پر کون چلاتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ

سوال ۵۔ ہمیں مصیبت سے کون نکالتا ہے؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ

سوال ۶۔ ہم کس کی عبادت کرتے ہیں؟ جواب۔ اللہ تعالیٰ کی

سوال ۷۔ ہمیں کس سے مدد مانگنی چاہیے؟ جواب۔ صرف اللہ تعالیٰ سے

سوال ۸۔ ہمیں دعاء کس سے مانگنی چاہیے؟ جواب۔ صرف اللہ تعالیٰ سے

سوال ۹۔ سجدہ کس کے لئے کرنا چاہیے؟ جواب۔ صرف اللہ تعالیٰ کے لیے

سوال ۱۰۔ کلمۂ شہادت سنائیے۔

جواب۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ

نوٹ: اپریل کا مہینہ دسمبر سے مارچ تک کے اعادہ (Revision) کے لئے ہے۔ اپریل کے پہلے ہفتہ میں دسمبر کا، دوسرے ہفتہ میں جنوری کا، تیسرے ہفتہ میں فروری کا اور چوتھے ہفتہ میں مارچ کا اعادہ کرائیں۔

Federation of Indian Muslim Organizations-Midlands-U.K.

Website : www.peoplesneeds.org   Email : hamidmalik@peoplesneeds.org

Mr. Hamid Malik
(Chairman/Founder)

پیغام

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اس وقت ملتِ اسلامیہ ہندیہ کے تقریباً ۵ر فیصد بچے دینی اداروں میں اور ۶۰ر فیصد طلبہ وطالبات عصری تعلیم گاہوں میں زیرِ تعلیم ہیں اور عام طور سے عصری اداروں میں دینی تعلیم کا باضابطہ نظام نہیں ہے، ایسے حالات میں مدرسوں میں پڑھنے والے مسلم گھرانوں کے ۵ر فیصد بچوں کے لئے یہ آواز تو اٹھتی رہتی ہے کہ مدرسوں کے بچوں کو دینی تعلیم کے ساتھ عصری تعلیم سے بھی مزین کیا جائے لیکن یہ آواز بہت کم سنائی دیتی ہے کہ اسکول، کالج اور یونیورسٹی میں زیرِ تعلیم ۶۰ر فیصد مسلم طلبہ وطالبات کے عقائد کی درستی، اعمال سے وابستگی، محبت رسول ﷺ کی پختگی اور قرآن مجید سے شیفتگی کے لیے ان کو عصری تعلیم کے ساتھ بنیادی دینی تعلیم بھی دی جائے۔

اس پس منظر میں مارواڑ مسلم ایجوکیشنل اینڈ ویلفئر سوسائٹی، جودھپور قابلِ مبارکباد ہے جو ملک گیر سطح پر عصری اداروں میں عصری تعلیم کے ساتھ ساتھ اسلامیات اور قرآنیات کی بھی تعلیم دینے کی تحریک چلا رہی ہے اور اس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے اردو زبان کی مدد لی جا رہی ہے اسی تعلق سے نرسری سے پریپ تک کے لیے "رہنمائے اردو" پہلی اور دوسری کلاس کے لیے "قرآنی قاعدہ" نرسری سے آٹھویں کلاس تک کے طلبہ وطالبات کے لیے کلاس وائز "اسلامی معلومات" اور پریئر کے وقت کے لئے "ترانے کے وقت کا زبانی نصاب" کی اشاعت ہو رہی ہے۔ یہ وقت کی اہم ترین ضرورت تھی جس کو اس سوسائٹی نے پورا کیا ہے۔

فیڈریشن آف انڈین مسلم آرگنائزیشن انگلینڈ تن من اور دھن ہر لحاظ سے سوسائٹی کے ساتھ ہے اور دعاء گو ہے کہ یہ تحریک کامیابی سے ہمکنار ہو اور نونہالان قوم وملت کو اس سے خاطر خواہ فائدہ پہنچے۔ آمین

طالب دعاء

(حامد ملک)
چیئرمین فیڈریشن

Price : 10/-

Contact : 098297-83468